# GHANDHARA NISSAN LIMITED

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting of Ghandhara Nissan Limited (the "Company") will be held on Friday, February 01, 2019 at 10:00 A.M at F-3, Hub Chowki Road, SITE, Karachi to transact the following business:

**Ordinary Business**

**1.** To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on October 23, 2018

**2.** To elect ten (10) Directors of the Company as fixed by the Board of Directors in accordance with the provisions of Section 159(1) of the Companies Act, 2017 for a period of three (3) years, commencing from February 19, 2019. Following are the names of the retiring Directors:

1. Mr. Raza Kuli Khan Khattak
2. Lt. Gen. (Retd.) Ali Kuli Khan Khattak
3. Mr. Ahmed Kuli Khan Khattak
4. Mr. Jamil Ahmed Shah
5. Mr. Muhammad Zia
6. Mr. Muhammad Saleem Baig
7. Mr. Mushtaq Ahmed Khan (FCA)
8. Syed Haroon Rashid
9. Mr. Polad Merwan Polad

**Special Business**

**3. Adoption of changes in the Memorandum of Association and Articles of Association as per the Companies Act, 2017**

To consider and, if deemed fit, to pass the following resolution as a Special Resolution, with or without amendments, to alter/amend (a) the Memorandum of Association (the "Memorandum") and (b) the Articles of Association (the "Articles"), of the Company, in order to bring them in conformity with the provisions of the Companies Act, 2017 (the "Act").

"Resolved that pursuant to all provisions of the Companies Act, 2017 including any statutory modification(s) or re-enactment thereof, for the time being in force, and rules made there-under and subject to necessary statutory approvals and modifications, if any, consent of the members be and is hereby accorded to alter the existing Memorandum of Association and Articles of Association of the Company in order to align the same with the applicable provisions of the Companies Act, 2017, and the rules made there-under and accordingly to adopt the revised Memorandum of Association and Articles of Association.

Further "Resolved that the Chief Executive Officer and/or Company Secretary of the Company be and is hereby authorized to, singly, do all acts, deeds and things, take any and all necessary steps, to fulfill the legal, corporate and procedural formalities and file all necessary documents/returns as deemed necessary on this behalf and the matters ancillary thereto to fully achieve the object of the aforesaid resolution."

**4. Any other business with the permission of the Chair**

A statement of material facts under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the Special Business contained in Agenda Item 2 and 3 is annexed to this Notice of Meeting.

By order of the Board

Karachi
10th January, 2019

**M. Sheharyar Aslam**
Company Secretary

**NOTES**

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed for the period from January 25, 2019 to February 01, 2019 (both days inclusive).
2. A member of the Company entitled to attend and vote at this Meeting, may appoint another person as his/her proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time for holding the Meeting.
3. CDC shareholders entitled to attend and vote at the Meeting must bring his/her Participant ID and Account/Sub-Account number along with original CNIC or original passport to authenticate his/her identity. In case of corporate entity, resolution of Board of Directors/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless provided earlier) at the time of the Meeting.
4. For appointing the proxy; CDC shareholders shall submit the proxy form as per above requirements together with attested copy of CNIC or passport of the beneficial owner and proxy. In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney, along with the specimen signature of the nominee, shall be submitted along with the proxy form to the Company.
   - The proxy form shall be witnessed by two witnesses with their names, addresses, and CNIC numbers. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of Meeting.
5. Members are requested to notify/submit the following information/documents, in case of book entry securities in CDS to their respective participants and in case of physical shares to the registrar of the Company by quoting their folio numbers and name of the Company at the above-mentioned address, if not earlier notified/submitted:
   - Change in their address, if any
   - Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC are requested to submit the same along with folio numbers at earliest, directly to the Company's Share Registrar M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 1st Floor, 40-C, Block-6, P.E.CH.S, Karachi, Pakistan
6. Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a Listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. In order to receive dividends directly into their bank account, shareholders are requested to fill in Dividend Mandate Form available on Company's website i.e. http://www.ghandharanissan.com.pk and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, 1st Floor, 40-C, Block-6, P.E.CH.S, Karachi, Pakistan in case of physical shares. In case shares are held in CDC then Dividend Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker/ participant/CDC account services.
7. The Securities and Exchange Commission of Pakistan, pursuant to Section 244 read with Section 510 of the Companies Act, 2017 (the "Act"), directs all companies to submit a statement to the Commission through eServices portal (https://eservices.secp.gov.pk/eServices/) stating therein the number or amounts, as the case may be, which remain unclaimed or unpaid for a period of three years from the date it is due and payable in respect of shares of a company/dividend and any other instrument or amount which remain unclaimed or unpaid as may be specified.

   Through this notice, the shareholders are intimated to contact with the Company for any unclaimed dividend/shares within a period of seven days after publishing this notice to meet the compliance of SECP Direction No. 16 of 2017 dated 7th July, 2017. List of shareholders having unclaimed dividends/shares are available on the Company's website www.ghandharanissan.com.pk

   The shareholders are requested to contact the Company on its registered address regarding any unclaimed dividends or undelivered shares (if any).

**AGENDA No. 2 – Election of Directors**

**(a) Statement under Section 159(1) of the Companies Act, 2017 in respect of Election of Directors**

The term of office of the present Directors of the Company will expire on 18th February, 2019. In terms of Section 159(1) of the Companies Act, 2017 ("Act"), the Board of Directors in its meeting held on 24th October, 2018 has fixed the number of elected directors as ten (10) to be elected in the Extraordinary General Meeting for a period of three years.
The existing Directors are interested for the extent that they are eligible for re-election as Directors of the Company.
Any person who seeks to contest the office of the Director shall whether he/she is a retiring Director or otherwise, file with the Company at its registered office:

i) a notice of his/her intention to offer himself/herself for election, 14 days before the date of the above said Extraordinary General Meeting, in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017;
ii) detailed profile along with his/her office address as required under SECP's SRO 634(1) 2014 dated 10th July, 2014;
iii) declarations required under the Companies Act, 2017 and the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations 2017;
iv) Form-28 (consent to act as Director); and
v) attested copy of Computerized National Identity Card (CNIC)

**(b) Statement under Section 166(3) of the Companies Act, 2017 in respect of appointment of Independent Directors**

The Independent Directors shall be selected from a data bank containing names, addresses and qualifications of the persons who are eligible and willing to act as Independent Directors in terms of Section 166(1) of the Companies Act, 2017.
Any person who is eligible under Section 153 and meet the criteria under section 166(2) of the Companies Act, 2017, may submit nomination to be elected as independent director. However, it is noteworthy to mention here that Independent director shall be elected in the same manner as other Directors are elected in terms of section 159 of the Companies Act, 2017. The final list of contesting directors will be circulated not later than seven days before the date of the said meeting in terms of section 159(4). Further, the website of the Company will also be updated with the required information.

**AGENDA No. 3 - Adoption of changes in the Memorandum of Association and Articles of Association as per the Companies Act, 2017**

After the enactment of the Companies Act, 2017 and requirements of other applicable Laws, changes have been necessitated in the Memorandum and Articles of Association of the Company. (A comparison highlighting the changes proposed in the Memorandum and Articles of Association will be available on the company's website, www.ghandharanissan.com.pk. The physical copies of the same will also be dispatched alongwith notice of EOGM at members registered addresses).

# گندھارانسان لمیٹڈ

## اطلاع برائے غیر معمولی عام اجلاس

بذریعہ ہٰذا نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ گندھارانسان لمیٹڈ ("کمپنی") کا ایک غیر معمولی عام اجلاس بروز جمعہ، یکم فروری 2019 بوقت 10.00 بجے صبح بمقام ایف 3، حب چوکی روڈ، سائٹ، کراچی پر منعقد ہو رہا ہے، جس میں مندرجہ ذیل امور سرانجام دیے جائیں گے:

**عمومی امور**

1. 23 اکتوبر 2018 کو منعقد ہونے والے آخری سالانہ عام اجلاس کے منٹس کی توثیق کرنا
2. بورڈ کے ناظمین کے متعین کردہ دس (10) ناظمین کا، کمپنیز ایکٹ، 2017 کے ضوابط کی شق 159(1) کے تحت، اگلے تین سالوں کی مدت کے لیے انتخاب کرنا جس کا آغاز 19 فروری 2019 سے ہوگا۔ دستبردار ہونے والے ناظمین کے نام درج ذیل ہیں:

1. جناب رضا قلی خان خٹک
2. لیفٹیننٹ جنرل (ر) علی قلی خان خٹک
3. جناب احمد قلی خان خٹک
4. جناب جمیل احمد شاہ
5. جناب محمد ضیاء
6. جناب محمد سلیم بیگ
7. جناب مشتاق احمد خان (FCA)
8. سید ہارون رشید
9. جناب پولاد مروان پولاد

**خصوصی امور**

3. **میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے مطابق کی جانے والی تبدیلیوں کو اختیار کرنا**

غور کرنا، اور، مناسب ہو تو، مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد، ترامیم کے ساتھ یا بغیر ترامیم کے منظور کرنا، اگر وہ مناسب سمجھیں، تاکہ اس کو کمپنیز ایکٹ، 2017 (ایکٹ) کی شرائط سے ہم آہنگ کرنے کے لیے (a) میمورینڈم آف ایسوسی ایشن ("میمورینڈم") اور (b) آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن ("آرٹیکلز") میں تبدیلی/ترمیم کی جاسکے۔

"قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تمام ضوابط کی تعمیل میں، بشمول کسی دستوری ترمیم/ترامیم یا ان کے دوبارہ نفاذ، جو وقتی طور پر نافذ العمل ہیں اور اس کے تحت بنائے جانے والے اصول جو ضروری دستوری منظوری اور ردوبدل، اگر کوئی ہیں، ارکان کی رضامندی سے مشروط ہیں، اس بات پر اتفاق کیا جاتا ہے کہ موجودہ میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں شامل ضوابط میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے ضوابط سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ترمیم کی جائیں اور اس طرح سے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن بنائے جانے والے نئے اصولوں کو قبول کیا جائے۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا کمپنی کے کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ انفرادی طور پر تمام عمل، قانونی دستاویزات اور چیزیں تیار کرے، اور اس سلسلے میں کوئی ضروری قدم یا تمام ضروری اقدامات اٹھائے، قانونی، اداراتی اور قوائد کے مطابق کاروائیاں مکمل کرے اور اس سلسلے میں مذکورہ بالا قرارداد کے مقصد کو پوری طرح حاصل کرنے کے لیے تمام ضروری اور معاون دستاویزات/رٹرنز (returns) جمع کروائے۔ میمورینڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کی بمع مجوزہ ترامیم کے اصل کی نقل منسلک ہے۔"

4. **اجلاس کے صدر کی اجازت سے کوئی دیگر امور**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 134(3) کے تحت خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا بیان، جو ایجنڈا آئٹم 2 اور 3 میں موجود ہے، اس اجلاس کی اطلاع کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ
**ایم۔ شہریار اسلم**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
10 جنوری 2019

**یادداشتیں**

1. کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 25 جنوری 2019 سے یکم فروری 2019 (دونوں دن شامل) کی مدت کے درمیان بند رہیں گی۔
2. کمپنی کا کوئی رکن جو اس اجلاس میں شرکت اور رائے دینے کا حقدار ہے وہ کسی دوسرے شخص کو اپنا نمائندہ (proxy) منتخب کرسکتا ہے کہ وہ اس کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور رائے دے۔ نمائندوں کے مؤثر ہونے کے لیے، کمپنی کے رکن کی جانب سے درخواست، اجلاس کے انعقاد کے وقت سے لازماً 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر پہنچ جانا چاہیے۔
3. CDC حصص کے حاملین جو اجلاس میں شرکت کرنے اور رائے دینے کے حقدار ہیں وہ اپنے ساتھ اپنی شراکت کی شناخت اور کھاتہ/ذیلی کھاتہ نمبر کے ساتھ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ہمراہ لائیں تاکہ اپنی شناخت کی توثیق کرواسکیں۔ ادارے کی صورت میں، بورڈ کے ناظمین کی قرارداد/مختارنامہ مع نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے آغاز کے وقت پیش کرنا ہوگا (تاوقتیکہ پہلے نہ فراہم کردیا ہو)۔
4. نمائندہ کے انتخاب کے لیے؛ CDC حصص کے حاملین مذکورہ بالا شرائط کے مطابق نمائندگی کے فارم کے ساتھ اصل مالک اور نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل جمع کروائیں گے۔ ادارے کی صورت میں نمائندگی کے فارم کے ساتھ بورڈ کے ناظمین کی قرارداد/مختارنامہ مع نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی میں جمع کروانا ہوگا۔
   - نمائندگی فارم میں دو اشخاص کی گواہی ہوگی اور اس کے ساتھ ان کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز۔ نمائندے کو اجلاس کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔
5. ارکان سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل معلومات/کاغذات، CDS میں بک انٹری سیکیوریٹیز ہونے کی صورت میں اپنے متعلقہ شرکت کرنے والوں کو اور مادی حصص (Physical Shares) کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار کے پاس اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز اور کمپنی کا نام مذکورہ بالا پتے پر جمع کروائیں، اگر پہلے اطلاع نہیں دی/جمع نہیں کروائے:
   - پتے میں تبدیلی، اگر کوئی ہے تو
   - وہ ارکان جنھوں نے اپنے مؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل فراہم نہیں کی ہے ان سے درخواست ہے کہ اسے مع فولیو نمبر، براہ راست کمپنی کے حصص کے رجسٹرار، میسرز۔ THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی، پاکستان، کے پاس فوراً جمع کروادیں۔
6. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے ضوابط کی شق 242 کے تحت، مندرج کمپنی پر یہ لازم ہے کہ وہ اپنے حاملین حصص کو نقد منقسمہ منافع کی ادائیگی صرف برقی طریقے (Electronin Mode) کے ذریعے براہ راست حقدار حاملین حصص کے نامزد بینک کے کھاتے میں ہوگی۔ منقسمہ منافع کے براہِ راست اپنے بینک کے کھاتے میں وصولی کے لیے، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر وہ مادی حصص کے حامل ہوں تو وہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی http://www.ghandharanissan.com.pk پر دستیاب ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کو پُر کرکے اور باقاعدہ دستخط شدہ، مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل، کمپنی کے رجسٹرار میسرز۔ THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی، پاکستان، کے پاس بھجوادیں۔ اگر حصص، CDC کے پاس ہیں تو ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کو لازمی طور پر براہ راست حامل حصص کے بروکر کے پاس/پارٹیسپنٹ کے پاس/CDC کے کھاتے کی خدمات میں جمع کروانا ہوگا۔
7. کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کی شق 244 جسے شق 510 کے ساتھ پڑھا جائے، کے تحت تمام کمپنیوں کو حکم دیتی ہے کہ وہ ای-سروسز پورٹل (eServices portal) (https://eServices.secp.gov.pk/eServices/) کے ذریعے کمپنی کے حصص کے اجراء/منقسمہ منافع کی ادائیگی مؤثر ہونے کی تاریخ سے تین سالوں کی مدت تک، جن حصص کی تعداد کی عدم وصولی (unclaimed) یا غیر اداشدہ (unpaid) منقسمہ منافع رہے ہوں ان کی تعداد اور مالیت، جیسا بھی معاملہ ہو، کمیشن کو ایک بیان جمع کروائیں اور دیگر کوئی دستاویز یا رقم جو غیر دعویٰ شدہ یا غیر اداشدہ ہو وہ بھی۔

اس نوٹس کے ذریعے سے، حاملین حصص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کی، 2017 کی جاری کردہ ہدایت نمبر 16، مورخہ 7 جولائی 2017 کی تعمیل کرتے ہوئے اس نوٹس کی اشاعت کے سات دن کی مدت کے اندر غیر وصول شدہ منقسمہ منافع/حصص (اگر کوئی ہیں) کے سلسلے میں کمپنی سے رابطہ کریں۔ غیر وصول شدہ منقسمہ منافع/حصص کے حاملین کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.ghandharanissan.com.pk پر دستیاب ہے

**ایجنڈا نمبر 2 - ناظمین کا انتخاب**

a) **ناظمین کے انتخاب کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 159(1) کے تحت بیان**

کمپنی کے موجودہ ناظمین کے عہدے (office) کی مدت 18 فروری 2019 کو ختم ہو رہی ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کی شق 159(1) کے تحت، بورڈ کے ناظمین نے 24 اکتوبر 2018 کے منعقدہ اجلاس میں منتخب ناظمین کی تعداد دس (10) متعین کردی تھی، جن کا انتخاب غیر معمولی اجلاس میں تین سال کی مدت کے لیے ہونا ہے۔
موجودہ ناظمین کی دلچسپی اس حد تک ہے کہ وہ کمپنی کے ناظمین کے انتخاب میں دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں۔
کوئی شخص جو ناظم کے عہدے (office) کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، چاہے وہ موجودہ ناظمین میں سے دستبردار ہونے والا ناظم ہے، وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اپنی نامزدگی جمع کروائے گا:

i) کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 159(3) کے تحت، اس غیر معمولی اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے 14 دن پہلے، اس بات کا اعلان کہ وہ اپنے آپ کو انتخاب کے لیے پیش کر رہا ہے/رہی ہے؛
ii) ایس ای سی پی کے ایس آر او 634(1) 2014، 10 جولائی 2014 کے تحت، اس ناظم کا تفصیلی شخصی خاکہ (profile) مع پتے کے جمع کروادیں۔
iii) کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط 2017 کے تحت ضروری اعلانات (declarations)
iv) فارم-28 (بطور ناظم کام کرنے کی آمادگی)؛ اور
v) تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی نقل

b) **آزاد ناظمین کی تقرری کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 166(3) کے تحت، بیان**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 166(1) کے تحت آزاد ناظمین کا چناؤ ڈیٹا بینک میں موجود فہرست جس میں اہل اور بطور آزاد ناظم منتخب ہونے کے لیے آمادہ ہونے والے افراد کے نام، پتے اور ان کی اہلیت موجود ہے اس سے کیا جائے گا۔

کوئی شخص جو کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 153 کے تحت اہل ہے اور شق 166(2) میں دیئے گئے معیار (Criteria) پر پورا اترتا ہے، بطور آزاد ناظم اپنی نامزدگی جمع کرواسکتا ہے۔ تاہم، اس بات کا ذکر کرنا بہت اہم ہے کہ، کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 159 کے تحت، آزاد ناظم کا انتخاب اسی طرح ہوگا جیسا کہ دیگر ناظمین کا انتخاب ہوتا ہے۔ شق 159(4) کے تحت انتخاب میں حصہ لینے والے ناظمین کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے سات دن پہلے تقسیم کردی جائے گی۔ مزید یہ کہ کمپنی اس سلسلے میں تازہ ترین معلومات، ویب سائٹ پر بھی فراہم کرے گی۔

**ایجنڈا نمبر 3 - کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تحت میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں تبدیلیوں کو اختیار کرنا**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے قانون اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین کے تقاضوں کے بعد کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کرنا ضروری ہوگیا ہے (میمورینڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کا ایک تقابل جس میں تجویز کردہ تبدیلیاں نمایاں ہیں، کمپنی کی ویب سائٹ www.ghandharanissan.com.pk پر دستیاب ہوگا۔ ان دستاویز کی مادی نقول کو ارکان کے مندرج پتوں پر، ای او جی ایم کے نوٹس کے ساتھ ارسال کردیا جائے گا۔